گیا بیابان میں چلا تھا ایکدن راہ — جب توکل پر خدا کے کر نگاہ
وان نظر آئے مجھے چالیس تن — خرقہ پوشان اور بیجان بے کفن
عقل میری ہوش سے جاتی رہی — یہہ کہ شعلہ دل منے کھاتی رہی
پس کہا میں جیو میں اے پروردگار — دوستونکو کیون کیا تو خوار و زار
تب دیا ہاتف نے مجھکو یون ندا — کام میرے یونہی ہین ایمرد گدا
دوستونکو یونہی کر دیتا ہون مین — پھر کے انکا خون بہا لیتا ہون مین
جبتلک ہے خون بہا میرے کنے — مارتا ہون دوستونکو تل منے
کیا ہے انکا خونبہا میرا لقا — جس لقا سے پائینگے دایم بقا
روز محشر کو کرونگا سرفراز — دیونگا میں دیدار انکو دلنواز
آئینگے جس روز میرے رو برو — خوف سے اپنے رہینگے سرخرو
دیکھ میرا آفتاب ذوالجلال — محو ہو کر جائینگے سایہ مثال
ہوئیگا جو محو مجھکو دیکھکر — نا رہے گی کچھ اسے تنکی خبر
کچھ عجب ہے انقلاب یہہ محویت — نین کہی جاتی ہے جسکی کیفیت
خرچ کر یہان سر کو اور اسرار دیکھ — خود سے گم ہو اور خدا سا یار دیکھ

حکایت فرعون ملعون گویا

بات جانبازیکی ہاں سن یہہ بیان — جب سے گئے فرعون کے وہ ساحران
خوف کچھ فرعون کا دل میں نہ لا — یونہی بولے حق ہے موسی کا خدا

سوال کردن ...

جواب دادن ...

پنچھی نامہ

حکایت یوسف را در بازار مصر فروختن

لیکے آئی ایک تانہ سوت کا — وہ سو مایہ تھی اسکے قوت کا

پس کہی دلال کو یہہ سوت لے — بیچتا ہے تو مجھے یوسف کو دے

بعد ازان ہنس کہا دلال دو — تو سو کیا اور کیا تیرا تانا ہے یہ

کان یہہ زر کا گنج کان تیرا یہہ سوت — تو دیوانی ہوئی کیا لاگا ہے بھوت

پس لگی کہنے بوڑھی دلال سے — جانتی ہین نہی ہون اپنی ذات سے

لیکن اتنا بس مجھے دنیا مین پاؤن — جو خریدار و نمین یوسف کے کہاؤن

پائے ہر کوئی جگ منے ہمت سے نام — راہ مین مولا کے ہمت آئے کام

دیکھ ہمت بلخ کے سلطان کی — کس وضع کی سلطنت کس شان کی

چھوڑ کر اک پل مین ہو سب سے جدا — کیون لیا مردون نمن راہ خدا

پاک ہمت ہو جو اسکی راہ پر — اس شخص دنیا پہ نین کرتا نظر

انکھیان خورشید سے لایا ہے جو — کب نظر مین لائیگا ذرہ کو وہ

حکایت نالیدن درویش و جواب دادن اورا ابراہیم بن ادہم

کوئی درویشی سے تھا نالان فقیر — دیکھ کر سلطان ادہم اسکی دہیر

ربط سے کہنے لگا اے بے خبر — مفت درویشی ملی ہے تجھ مگر

ہے کے اولاوہ گدائی مبتلا — مول لگتی ہے فقیری کیا بھلا

بعد ازان سلطان کہے اے بدمزاج — مین تو اپنا ملک مال و تخت و تاج

پنچھی نامہ

سیر اس کا عالمی سے بہار | عالم ہشیاری و مستی سے بہار

حکایت مرد دیوانہ کہ بسبب زاری میکرد

ایک دیوانہ زانکو رو رو کے زار | بولتا تھا یہہ جو کیا ہے روزگار
ایک پنجرا ہے کہ جسمین ہم تمام | پھڑپھڑاتے ہینگے جیون مرغان تمام
موئے جب سر سون سٹے سر پوش کاڑ | جسکو پہنچی جا سے اڑ دو بازو کو جھاڑ
اور نہین جسکے پرون سو پڑ رہے | بس پنجرے مین جفا کے اڑ رہے
گر تجھے بھی ہو نہین سگے ہمت کے پر | جائیگا اس قید سے پرواز کر
بند ہے تو اس پنجرے مین جبلک | کر ایسکے بال و پر پیدا مالک
نین تو بال و پر جلا دے تو بھی جل | تا کہ سب سے جا کے پہنچیگا اول

حکایت مرد عاشق با شپرک

کوئی کہا شپرک کو اے بد روزگار | کیون نہین دن کو نکلتا گھر سے بہار
تا نظر آوے اجالا روز کا | منہہ دکھاوے سورج جگ افروز کا
اس اندھارے مین رہیگا کب تلک | گھر کے کھنو مین چھپیگا کب تلک
دیس تیرا سب بد تر ہے سیاہ | رین ہے تیرے پہ ظلم آہ آہ
گر تو دیکھیگا جو مکھڑا سور کا | پائیگا انکھیون مین حصہ نور کا
آدھر تو دیکھ شمس موج زن | کب تلک تو بیٹھا گھر کے وطن
بس کہا شپرک اے بیخبر | کیا مجھے کام آئیگا سورج چندر

پنچھی نامہ

سوال مرغ یازدہم

حکایت اسیر ہونے راجہ ہندو سلطان محمود و مسلمان کردن او را

طبع مین میری جو انصاف سے ہے	بیوفائی سے بھی سینہ صاف ہے
ہوئیگی جسکی طبیعت اسو ضع	کیا جسنا اسکا ہو ویگا کسو ضع

جواب دادن ہدہد او را

پس دیا ہدہد نے اسکا یون جواب	سب سے ہی انصاف کی خصلت صواب
کیا کہون انصاف کی مین تجھسے بات	ہے یہی انصاف سلطانی صفات
تجھسے گر ہو آئیگا انصاف ایک	عمر کے روزے اور نماز و نفلے سے نیک
دلمنے انصاف اپنے جو کرے	سب سے زیادہ وہ جوانمردی کرے
تا کرے انصاف جو کوئی آشکار	باطن اسکا بیوفائی سے ہے خوار
مردنین انصاف جتنے کس کنے	وہ سو منصف وہ کہین اپنے منے

حکایت امام احمد حنبل رحمۃ اللہ علیہ

احمد حنبل امام روزگار	کچھ نہین جنکی فضیلت کا شمار
جب فراغت علم سے پاتے تھے وہ	تب بشر حافی کنے جاتے تھے وہ
لوگ انکو منع کرتے خیر خواہ	کیا سبب ہے بشر سے تمنا کو راہ
خلق عالم کے تمہین ہوکر امام	کیا تمہین سر پا برہنہ سے ہے کام
پس کہے احمد کہ مجھکو بیشتر	گرچہ ہے مسئلہ مسایل کی خبر
علم حق میرے سے ہے انکو زیادہ	حق کی پہچانت مین ہے او استاد
جنکے دلمین اسطرح انصاف ہوئے	کیون نہ سینہ آرسی سے صاف ہوئے

میں کیا تو یاد بن لشکر مجھے | دوست سمجھوں یا کہ دشمن تجھے
اس وفاداری سے نے ہے کیوں جدا | کب تلک مجھسے وفا تجھسے جفا
اسطرح گر حق کرے مجھسے خطاب | کیونکہ دوں اس بیوفائی کا جواب
ہی شرم ساری مجھے اسبات کی | سوز دن کا اور زاری رات کی
تو بھی ایدرویش یوں درپیش آ | آہ انصاف وہ وفا درپیش لا
ہے وفا تجھکو تو بعزم راہ کر | میں تو ہاتھ اسبات سے کوتاہ کر
جو ہوا راہِ وفاداری سے دور | ہے جوانمردی میں اسکے کچھ قصور

حکایت غازیان کہ با کافران جہاد کردہ بود

غازی و کافر ہوئے تھے جنگ ساز | آ لگا اسکے بھی وقت نماز
پس رضا کافر سے غازی لیکے پھر | دے نماز اپنی لگے پڑھنے کو پھیر
بعد ازاں کافر کے وقت پر | لے رضا غازی سے جا اشنان کر
ہو گئے اوندھا سر جھکا کر بت کنے | تب کہا غازی اپنے دل منے
یہہ تو اوندھا ہو رہا ہے بیخبر | وقت فرصت کا مجھے ہے خوبتر
کھینچکر شمشیر جب جانے لگا | ہاتف غیبی ندا اسکو دیا
کا نچھوان بے وفا بے اعتبار | خوب عہد اپنا دکھایا استوار
وہ جو تھا بے دین کافر بت پرست | میں کیا تیرے سے عہد اپنا شکست
تو مسلمان ہو کے بدعہدی کیے | کیا کہا جاوے تجھے ایسا ہوے

حکایت قحط سالی کنعان

قحط سالی کلک لگے رونیکو دیکھ
حضرت یوسف نو رقعہ منہہ پہ ڈال
پاس تھا ایک طاس پس اس طاس پر
پیس کوہا یونکو یون اسے یارہو
بعد ازان بولے وے یاران ناشناس
تب کہے یوسف کہ مین بولون بچھان
کوئی تمھارا بھائی تھا یوسف مگر
پھر کے مارا طاس پر یوسف نی ہاتھ
جو تمھین اس بھائی کو صد آہ آہ
پیرہن اسکا رنگا پھر خون سے
بار دیگر طاس کو یوسف بجا
بیچ ڈالے بعد اسکے بھائی کو
کوئی کافر بھی کرے نین اسو صنیع
یہہ سخن سنکر وے حیران تب ہوے
تب تو بیچی تھی فقط یوسف کی ذات
جیون کو تمین ڈال اس آئے سبھی
کیا وہ اندہا ہے جو سنکر یہہ قصا

آب سے جھونکے سر ایک صوے مکھ
تخت پہ بیٹھے تھے با جلال و جلال
ہاتھ مارے تب اٹھا جھنکار یہہ
کیا خبر یہہ طاس کہتا ہے سنو
کیا سمجھے ہمکو یہہ کہتا کیا ہے طاس
طاس جو کہتا ہے سو در از سخن
پاک صورت رشک خورشید و قمر
اس کے یہہ طاس یون کہتا ہے بات
جھوٹ مکرا لے ہین کو تمین بیگناہ
گرگ نے کھایا کہے یعقوب سے
طاس کہتا ہے سنو مجھ سو صفا
جھوٹ کہہ بولے بات مجھ یعقوب کو
جو گئے ہو بھائی سے تم جس وضع
لگے تھے رونیکو سگل ہا لی ہوے
اب اپن بیچے گئے جس کے سات
آپڑے ہین دیکو تمہین یون ابھی
ڈالنے مجھ سے نا بوے حیا

عمر میری گئی سونا کامی سنے | وہیدم بے عقلی و خامی سنے

تو زبان طعنہ کی مجھ سے دور رکھ | عاشق دیوانہ کو معذور رکھ

جان ہے میرے کو معذور ونے | گن مجھے بھی ایک بیطور ون منے

سوال کردن مرغ ہفدہم

ستروان پنکھی کہا جی ہے تلک | عشق کی بس مین جلا ہون نہین بلک

کام میرا عشق سے ہے ہم نفس | سر کو میرے عشق سو ہے اہی بس

عشق نے جب سے کیا سروا مجھے | نین رکھا کچھ جیو کا پروا مجھے

وقت ہی اب جو کرون جیو کو نثار | تاکہ جا دیکھون جمال روی یار

دیکھ کر انکھیون کو مین روشن کرون | داغ دل کو ایک دم گلشن کرون

جواب دادن ہدہد آن مرغ را

پس کہا ہدہد نے تو نین مار لاف | نا ملیگا لاف سے سیمرغ قاف

لاف دعوی عشق کا ہی گز نہ کر | عشق دو نو بات سے ہی دور تر

گر تجھے دولت مددگاری کرے | فضل اور توفیق سب یاری کرے

کھینچکر آپس طرف تجھ کو لجاے | ایکلا خلوت مین اپنے بلائے

تب تیرا یہہ لاف دعوی خوش دسے | بات تیری صدق آوے ہر کسے

جبتلک اسکی نہین تجھ کو کشش | تو کیا کوشش تو کیا اسکی روش

حکایت کسی از بایزید پرسید کہ منکر نکیر در گور چگونہ سوال کرد

جل گیا تھا عشق کی آتش سے جان / سو جو سینے کے جلتی تھی زبان

ہوگیا تھا دل و جان جلکر کباب / جیون مین اسکے صبر نا طاقت نہ تاب

دکھہ سے چھاتی پھوڑ اپنی زار زار / راہ مین بکتا چلا تھا بے قرار

عشق سے جلتا ہے جو جان کیا کرون / اس اگن مین صبر مین کبتک کرون

پس کہا ہاتف نکو تو لاف مار / خواہ مخواہ کیونکہ ہوا ہے خوار وزار

یون کہا درویش پھر الجھا ہون کب / بلکہ وہ الجھا ہے مجھسے یہہ عجب

کیا ہو نہین اور کیا سو ہے اسکی مجال / جو کرون اسکی محبت کا خیال

کیا کیا مین جو کیا سو وہ کیا / ویسے میرے جیون کیا تو او کیا

آگیا الجھا ہے وہ تیرے سنگات / تو اپسکی ایکدن لاتا ہے بات

کیا ہوویگا تو سو ایسی بات مین / لاویگا وسو اس اپنی ذات مین

عشق وہ تیرے پے اپنا کب لگاہی / صنع سے اپنی وہ اپنا عشق لائی

کیا ہی تو اور کیا ہے تیرا کاروبار / ہی جو کچھ سو صنع صانع کا بچار

لاویگا گر تو اپسکو درمیان / نا تیرا ایمان رہیگا نا یہہ جان

ہوش کر اس راہ مین ای بیایمان / ورد یا لطف ہی اسی رہ مین پہچان

حکایت بیرون رفتن سلطان محمود و آمدن بخانہ

ایکدن محمود سلطان کین نگر / جلکے نکلا ایک بھر بھونجے کے گھر

اٹھکے پھر بھونجا تو اضع سے شتاب / لا رکھا آگے خوشی سے نان و آب

کون ہی جو گھر مین اپنے چھوڑ گنج
جا کے بہووہ جنگل مین سو ہو سنج

جواب داون ہدہد

پس کہا ہدہد کہ اے شیطان صفت
یہہ نہی تیری انہین ہے معرفت

یہہ خیال خام اور تیرا غرور
معرفت کے قرب سے والا ہے دور

کر رکھا ہی نفس تجھ کو زیر دست
ہور ہاہے دل تیرا شیطان پرست

مین پنے کے بند مین اٹکا ہے تو
سر سے پا تک پھند مین اکڑا ہی تو

معرفت کا نور تجھ پر نار ہے
وجد مین ہے یہہ خود یکا یار ہے

روشنی یہہ نین تجھے اندھار ہے
بلکہ تیرا نفس تجھ کو یار ہے

نفس سے کی ہی نور کا تجھ پر جھلک
نفس سے گئی مین انگی تیری یہہ جھلک

گرنہ تو اس نور ناقص پر غرور
ذرہ ہوو ہ جب پہچا نین تو سور

نور گر یہہ نفس دکھلاوے تجھے
تو ضلالت مین لیجاوے تجھے

جھلک تجھ کو ہے تیرا مین بنا
تو بڑے پیرو تکو سمجھا اب کھنتا

آنکھ مین اک بال اگر آتا ہے آڑ
وہ سو آتا ہے نظر مین جون پہاڑ

ذوق تیرا ہے تجھے مفسد خیال
تو جو کہتا ہے سو سب بدکا خیال

مین پنے کی جا ہے جب غفلت نکل
تب ہے حاصل حقیقت ہووے کل

مار تارہ نیستی کا دم چشم
نیستی ہووے تو مین ہستی کا غم

ایک ذرہ تجھکو ہستی ہووے تو
کافری اور بت پرستی ہووے دو

مین نہ کہہ ہو مین پنا کچھ مین بھلا | جاکت منے ابلیس آپسکو ست کہلا

خطاب کردن حق تعالی بموسی علیہ السلام

حق تعالی نے کہا موسی سنگات | جاسکے تو شیطان سے کچھ پوچھ بات
پس ملا موسی کو وہ شیطان کہین | بعد ازان ہنسکر اسے پوچھا وہین
پس کہا وہ یاد رکھ تو یک سخن | کر نہ تو ہرگز منی میرے نمن
نین تو ہوگا تو بھی میرے سار کا | مین منی سے رانده اس دربار کا
بال بھر گر تجھ کو باقی ہے منی | حق منے تیرے ہے دوںگر کنی
کام وو مردود ہوا ہے ناکامی ہنو | تا سرانجامی سرانجامی منے
خود نمائی اور خود بینی سے تجھے | بے سخن ہو دشمن دینی سے تجھے

حکایت یکے عابد خود بین گوید

یک کوئی عابد تھا در عہد کلیم | تھا مکمل صاحب قلب سلیم
لیکن اسکو تھا بڑی داڑسی پیار | نت رکھے داڑی کو کنگھی سے سنوار
از قضا دیکھا اسے موسی کہین | دوڑ کر نزدیک آیا انکے وہین
پس کہا اسنے کہ ایسا لا طور | عرض کر میری خدا سی یک ضرور
جو مین کرتا ہون عبادت روز و شب | ذوق نین حاصل مجھے سو کیا سبب
بعد ازان موسی گئے جب طور پر | حال عابد کا کہے رب سے مگر
پس کہا حق نے کہ بولو اسکو جا | ذوق تو طاعت کا پاوے ازکجا

سوال کردن مرغ نوزدہم بہدہد

پس کیا انیسوان پنچھی سوال ‏— کبہون سفر مین جیو رکھا جاوی سنبھال
رہنمائی کر مجھے اس بات کی ‏— تا ہمت ہووی مجھے تجھ سات کی
بول ایسی بات مجھ سے تو ضرور ‏— جس سے آسان ہووے مجھ پر راہ دور
دلکو دوں مین کس طرح کی جمعیت ‏— تا کہ ہووے تفرقہ سے تمشیت

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد کہ دلکو شاد رکھ ‏— طبع کو وسواس سے آزاد رکھ
یاد حق سے رکھ تو اپنے دلکو شاد ‏— جب بسر جاوے تو کر تو اسکو یاد
شادی جان پہ مردان اس سے ہے ‏— زندگی چرخ گردان اس سے ہے
تو بھی اب شاد ہے دایم زندہ رہ ‏— شو تمہین جون آسمان گردندہ رہ
اس سے بہتر کیا ہووےگا ای فلان ‏— ہوویگا تو جس سے یکدم شادمان

حکایت وعظ گفتن عزیزی بخلق خدا

کیا کہا ہی خوب کوئی صاحب نفس ‏— شاد ہو تمہین یاد سے ستر برس
جب مجھے رب سار کا ہیگا دہنی ‏— پاک مطلق نام جس کا ہے غنی
تجھکو یہہ غفلت کی سر پہ پھول ہے ‏— خلق کے عیبون مین تو مشغول ہے
کب تجھے یاد آویگا پروردگار ‏— تا خوشی سے گذرے تجھکو روزگار
عیب جوئی سے اول آزاد ہو ‏— پس خدا کی یاد سے دلشاد ہو

حکایت شیخ بو علی

بعد مدت کے ہوا وہ عشق سرد — رنج سے پایا خلاصی شیر مرد
نظر مین آئی سفیدی نار کی — بعد ازان پوچھا کہ ای زن پیار کی
آنکھ پر تیری سفیدی آئی کب — وہ کہی تیرا ہوا کم عشق جب
عشق مین تیرا ہوا نقصان جون — عیب پیدا ہوکے آیا مجھ کو یون
ای جو غفلت کا ہی تیرے دل مین شور — دیکھ لینے عیب تو ایمرد کور
عیب کب اگ خلق کے دیکھیگا تو — دیکھے اپنے کو تو سمجھے کر عیب کو
عیب تیرے تجھ نظر آوینگے جب — عیب لوگون کے نظر مین آوین کب

حکایت دیگر براین حکایت

مارتا تھا محتسب کس مست کو — مست نے بولا کہ اے بدمست تو
مفت کے کھا کھا کے سب ٹکڑے حرام — تجھ کو مغروریکی مستی ہے تمام
مست تر مجھسے زیادہ تو دسے — نین وے مستی تیری دستی کسے
مجھ پہ ناحق تو زبردستی نکر — مستی اپنی دیکھ بدمستی نہ کر

سوال کردن مرغ بستم بہ ہدہد

بیسوان پنکھی کہا اے رہنما — مین اگر پہنچا تو مانگون شے سو کیا
فضل جب میرے پہ ہو درگاہ سے — نین سمجھتا کیا منگون مین شاہ سے
چیز جو خوبی کی ہو سو مجھ کو بول — تا منگون مین شاہ سے وہان دل کھول

جواب دادن ہدہد اورا

حکایت حضرت داؤد علیہ السلام

حق کہا یون حضرت داؤد کو — یون میرے بندوں کو جاکر بول تو

گرنہ مین دوزخ بناتا نا بہشت — بندگی میری تھی تمنا کو زشت

گرنہ مین پیدا جو کرتا نار و نور — کیا عبادت مین انھے کرتے قصور

گرنہ ہوتا خوف میرا اور رجا — کیا نہ لاتے بندگی میری بجا

ہے روا سب کو جو مجھ سجدہ کرین — صدق سے میری عبادت سب کرین

بول بندوں کو جو کینچے سب سے ہاتھ — بندگی میری کرین دل جان سات

ہے جو کچھ دو جگ منے میرے سوائے — ذرہ ذرہ توڑ کر سب کو جلائے

جب وہ سب جل بلکے ہوجاوے بھسم — نار ہے اسمین رتی کچھ بیش و کم

مین اسم کو بھی اڑا دیوے تمام — تا کہ حاصل ہوئے قربت کا مقام

جسکو دیتا ہے بہشت اور حور وہ — اسکو رکھتا ہے اپس سے دور وہ

حکایت سلطان محمود کہ ایاز را سلطنت بخشیدہ بود

بردہ تھا سلطان غزنی کا ایاز — شاہ نے اسکو کیا یون سرفراز

پادشاہی تخت و افسر سب دیا — ملک و کشور لاؤ لشکر سب دیا

پس کہا جا تخت پر بیٹھ اے ایاز — ملک کو دے قول لشکر کو نواز

خلق و عالم شاہ کا یہہ دیکھ رنگ — ہو رہے حیرت سے اپنے دلمین دنگ

پس لگے کرنے کو آپس آپ بات — نین کیا کوئی شاہ یون بندے سنگات

حکایت

دوستونکو آخرت سب دے تمام — مین تو ہون بیزار دونوسے مدام

نادنی نا آخرت چاہیے مجھے — گر تو میرا ہی تو کیا غم ہے مجھے

ہرگز ان دونون سے مین پر کم نہین — گر تو ہی مجھہ مہربان تو غم نہین

گر دو عالم پر کرون کوری نظر — جانتی ہون اس نظر کو کفر کر

جسکو وہ رب ہا تو سب کچھہ ہے اُسے — دو جہان مین رونق و رنگ ہے اُسے

بت ہی تیری راہ کا اسکے سوائے — کفر ہی گر جسکو بھی خاطر مین لائے

حکایت سلطان محمود غزنوی و ظفر یافتن بر سومنات و [illegible]

شہر سورٹھہ پر جو شاہ غزنوی — جبکہ پائے غیب سے فتح قوی

ہندوؤنکا بت جو تھا وہ سومنات — از قضا آیا مگر سلطان کے ہات

جمع ہوکر ہندوان آنے لگے — زان برابر بت کے زر دینے لگے

پادشاہ نے زر پہ نا رکھہ کر نظر — بت کو فرمایا کہ ڈالین پھوڑ کر

پس کہے لوگان کہ زر لینا اچھا — لشکری کو بانٹ کر دینا اچھا

شاہ بولا مجھہ کو یہہ ڈر ہے بڑا — جو مجھے آذر برابر کہا

حشر مین آواز دیویگا سروش — جو وہ بت گر ہی تو یہہ ہے بت فروش

بعد از ان اس بت کو ڈالے توڑ کر — اٹھہ من اس سے نکل آئے گہر

جب سنا ہی تو وہ آواز الست — مدت بلی کہتے ہے کر کوتاہ دست

جو اول سے تجھہ کو وہ اقرار ہے — اب تجھے کیا سے انکار ہے

پنچھی نامہ

وضرب زدن براو در زندان فرستادن حکایت یوسف زلیخا

پس دیوانے کو بلا شاہ جہان | کھول کر اپنا کہا راز نہان
تب کہا دیوانہ سن اے بادشاہ | یہہ سنوارا کار تیرا سب اے الہ
بار دیگر تجھے ہے اس سے کام | بانٹ دے سارا فقیرونکو تمام
جسنے یہہ نصرت دیا ہی تجھکو آج | اسکو سب معلوم ہے تیرا مزاج
بعد ازان محمود نے وہ مال سب | کل فقیرونکو دیا در حال تب

سوال کردن مرغ بیست و یکم

بعد ازان آیا پنچھی اک سوان | پس کہا اے پیشوا ہو رہ روان
کیا ہی لایق چیز اس درگاہ کے | جو لیجاوین ہم نذر اس شاہ کے
دست خالی نہین روا جانا وہان | تحفہ لازم ہے کہ لیجانا وہان

جواب دادن ہدہد اورا

پس کہا ہدہد کہ یہہ بولا بجا | جو نہین کچھ وہان سو تو یہان سے لجا
جو لیجاویگا یہان سے وہی سب | زیبہ کہ وہان کو لیجانا کیا سبب
علم ہے وہان حکمت اسرار ہے | طاعت روحانیان بسیار ہے
کیا نہین ہوہون تجھے مین انفلان | عاجزی اور درد دل و سوز جان
گر تو لیجاوے تو یہہ مقبول ہے | شاہ کن وہ تحفہ معقول ہے
گر کرے تو درد دل سے ایک آہ | کوئی اسکی جاے گا تا پیشگاہ
خاص جاگہہ آہ کی ہی سوز جان | پوست اسکا کیا ہے نفس بی گمان

پنچھی نامہ

گرچہ بیٹھی خلق کر ساری غمین ٭ آہ اک ماتم زدہ بیکے کر نگین
گر تجھے بھی وہ لگے اندر درد ہے ٭ سینے بیچ اور مثل جون فرد ہے
عشق کا جس دل سینہ ہی تاب و تپ ٭ کب خوشی اسکو رہیگی روز و شب

حکایت یکی غلام کہ از دنیا دست شستہ بود

کوئی صاحب کو تھا یک زنگی غلام ٭ وہ سولیتا وہ تا تختہ و شبانہ سے تمام
رات ساری وہ غلام پاکباز ٭ صبح تک کرتا تھا دایم وہ نماز
تا کہا صاحب کہ ای مرد خدا ٭ جب تو جاگیگا مجھے بھی وسے جگا
مجھی وضو کر کے کروں تجھ سنگ نماز ٭ پس جواب اسکو دیا یون پاکباز
نار جلتے وقت بیڑا اکھائے جب ٭ وہ جگاؤ کہئے تو مجھ کو کیا عجب
اسے وہی گر تجھ کو ہو گا درد دین ٭ آپ سے تو آپ جاگیگا یقین
جب جگاویگا تجھے بھی اور کوئی ٭ وہ عبادت اسکی ہے تیری نہوئی
جسکے دلمین دین کا کچھ درد نین ٭ سر پہ انکے خاک باد او مرد نین
درد سے ہی اصل مین جسکی سرشت ٭ محو اسکے آگے ہے دوزخ بہشت

حکایت بو علی طوسی را خبر دادن از بہشت و دوزخ

بو علی طوسی کہ پیر عہد سے تھے ٭ دین کے رستے مین صاحب جہد تھے
جس مکان پر وہ رکھتے ہونگے قدم ٭ وہان تلک پہنچا ہو ویگا اور کم

پنچھی نامہ

پس کہا ہدہد نے سن پنکھی سنگات — راہ مین پہنچا ہی تو وادی ہی سات
جو فرشتونکو نہین معلوم لیک — کوئی وہان سے جاکے پھر آیا نہ ایک
جو گیا ہے وہ رہا ہی وہان اٹک — پھر نہین آیا ہی کوئی تیسہے پھٹک
ہے اول وادی طلب کی سخت تر — عشق کی وادی ہی دوسری پرخطر
معرفت کی تیسری وادی ہی پہچان — وادی استغنا کی چوتھی الیسجان
پانچوین توحید کی وادی ہی پاک — ہے چھٹی حیرت کی وادی خوفناک
ساتوین ہے وادی فقر و فنا — اس سے آگے رہ نہین سو کہنا کیا
وہان کسو کا نا رہے کسکو روش — گم ہے سب راہ وروش الا کشش

حکایت وادی طلب

جب تو وادی مین طلب کے آئیگا — دمبدم ہر ہر قدم دکھ پائیگا
ہر گھڑی پیش آئینگے سو سو بلا — آسمان اس سوز کا ہی اک جلا
کام ہر کوشش یہان کے سربسر — رہے سدا کوشش منے ساری عمر
مال کا یہان ترک کرنا ہے ضرور — بالک اپنا چھوڑ کر جانا ہے دور
لہو پانی کرکے دکھلانا ہے یہان — جیو کو رنج دورہ مین پاتا ہی یہان
سب علایق سے تو اپنے دلکو تور — جسپہ تیرا پیار ہووے اسکو چھوڑ
جب گنوا دیگا اپسکے سب صفات — تب دکھاویگا تجھے وہ نور ذات
ہوویگا جب دل پہ وہ نور آشکار — یک طلب سے ہوینگے چندین ہزار

حکایت حضرت امیر المومنین

دیکھو بارے سر کو وہ ہی سو کیا | گر خدا کاٹے میرے سر کو تو کیا
جو نہ تھا ابلیس کا سر خاک پر | سر سے مولا کو نہ تھا پھر نظر
پس کہا حق نے کہ ای جا سو سراہ | تو کیا ہے اب سو مولا پہ نگاہ
گنج پنہان تھا سو تو دیکھا عیان | تجھ کو مارون تا نہ ہووے ور جہان
بادشاہ جب گنج رکھتے ہین کہین | مار رکھتے ہین رکھن مار یکو وہین
تو سو میرا گنج دیکھا آشکار | سر کٹاتا تو کیا حال اختیار
پس کہا ابلیس دے مہلت مجھے | جو کیا ہون یہہ عبادت کبھی تجھے
تب کہا حق تجھ کو مہلت ہی دے | طوق لعنت پاؤ گا تیرے گلے
جو کیا ہی اسو فتح بد بختی | دور ہو جو ہے تو میر العنتی
پس کہا ابلیس کا سے پروردگار | کہ جو کچھ کرتا ہے تیرا اختیار
لعن بھی تیری ہے رحمت بھی تیری | جو تو دیوے مجکو سو قسمت میری
مجکو تو لعنت ہے تیرے پاک تین | زہر بھی ہوتا کہ سب تریاک تین
نہاٹی ہے خلق جب لعنت ہے اب | مین لے لیتا ہون سر پا ادب
گرد عالم کو کیا ہون مین قبول | بس نبدا ہون لعنتی ہین پر فضول
آدمی کو اس وجہ ہوتا طلب | ہین تو دعوی سر سے چھوٹا ہی سب
ڈھونڈھتا ہے تو مگر پاتا نہین | کیا او گم ہے گم طلب ہے تجھ یقین

حکایت شیخ شبلی بوقت سفر کردن از دنیا

ہنس کے بولا کیوں تو ہوتا ہے ہلاک ۔۔ خاک میں کان پائیگا وہ دریاک

پس کہا مجنوں کہ ڈھونڈھتا ہوں مگر ۔۔ کہئیں بہتا لیلی سے ملے مجھکو کنک

حکایت شیخ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

یوسف ہمدان امام روزگار ۔۔ صاحب اسرار و شیخ نامدار

کیا کہے ہیں وہ زمیں سے تا گگن ۔۔ گر تو دیکھے کھول کر اپنے نین

ہے سبھی ہر روز یعقوب وگر ۔۔ پوچھتا ہے اپنے یوسف کی خبر

درد ہوتا مرد کو اور انتظار ۔۔ صرف ان دو تو نہیں کرنا روزگار

گر نہیں وہ دونوں بھی تجھکو تو بھی تو ۔۔ ڈھونڈھتا رہ شوق سے اسرار کو

صبر لازم ہے طلب میں مرد کو ۔۔ کان سے لیکن صبر اہل درد کو

صبر کرنا ہے تجھے یہاں خواہ مخواہ ۔۔ پائیگا اُسے تو بھی یک روز راہ

جیونکہ ماں کے پیٹ سے جیوتا بچا ۔۔ ہوا اسکا آپ پیتا ہے بچا

تو بھی باطن میں ایسے رہ رہیں ۔۔ خون دل کھا ہیچ و غم کو سہہ رہیں

سالکوں کے دلیں ہے منزل مقام ۔۔ پارجانی سے نہیں کب انکو کام

تو بھی ہو پی صبر کر مردوں کمن ۔۔ تا کہ حاصل ہووے مطلق وہ سجن

حکایت سلطان محمود غزنوی و خاک بیز

ایک دن جاتا تھا کہیں محمود تیز ۔۔ راہ میں اسکو ملا اک خاک بیز

وہ گیا تھا جا بجا ڈھونڈے گنج ۔۔ کسب میں مشغول تھا باسعی و رنج

کوٹھری کا قفل سے در بند کر — پس کہے دل سے کہ ابدال کیا خبر
وقت ہمت کا ہے کر ہمت جال — کر مدد گاری مجھے تو سے سنبھال
ابدال اب یہہ جو سمجھے کیا کام آ — جیو بیگانہ تنکو میرے ہاتھ لا رے
اس سے آگے زندگیین نین نفا — حیف ہے عاشق کہے گر بے وفا
پس آ سکے تیل سے کپڑے سے بھگا — آگ دیتی شمع کے نزدیک جا
ہو گئی یک پل منے جل بلکے راکھہ — غم سے عالم ہو رہا سب دردناک
از قضا عاشق بھی اس غلغال مین — تھا مگر اپنے پریشان حال مین
دیکھہ کر جو یہین وہ گد ہگتی انگار — جا پڑا اک آہ کر بے اختیار
ہو گیا اک پل منے وہ بھی فنا — جا ملا اس آشنا سے آشنا
عاشقان تو یون فدا کرتے ہین جان — تو کہان اور تجھہ کو یہہ ہمت کہان

حکایت عاشق شدن گدا بر ایاز

کوئی گدا پیدا کیا عشق ایاز — ہو گیا ساری جہان مین فاش راز
باہر آیا جب ایاز شہسوار — دوڑتا آگے یہہ جاتا خاکسار
جسطرف جاتا تھا وہ گھوڑا دوڑا — یونہی ہوتا اسکے آگے وہ گدا
کوئی کہا محمود کو جا کر مگر — ہے گدا عاشق ایاز خاص پر
دوسرے دن کو ہوا سلطان سوار — ساتھہ اسکے وہ ایاز کامگار
وہ گدا عاشق بھی تب ہمراہ ہو — دوڑتا تھا خوش خوش آگے بیشتر و

کوئی کے تو مغز مین ہے بوئے وصل
لیکیا ہے مجھسے کوئی گوئے وصل

بعد ازان سن کے کہا سن اے گدا
ہے گدا اور کوئی تو مفلس سدا

گر تو مفلس ہے تو لا اسکی دلیل
مفلسی کی کیا وضع کیا ہے سبیل

پس گدا بولا کہ مین مفلس نہین
مفلسی کی صورت مجلس نہین

جبتلگ یہہ جیو ہے میرا تن منے
ہون نہ صادق مفلسی کے فن منے

جب نکرونگا جیو جانان پر نثار
مفلسی کا ہوئیگا تب اعتبار

تو بھی اے محمود اب ہو جانفشان
جانفشانی عاقبت کا ہی نشان

بات اتنی کر کے وہ مفلس گدا
جی کیا اک پل مین جانان پر فدا

یہہ تماشا دیکھ کر محمود شاہ
دل منے کیا کیا افسوس آہ

نین جلگ یہہ کام تا ہر مرد کو
جانتا ہے کیا وہ عاشق درد کو

حکایت لیلی و مجنون کہ عاشق صادق بود

لوگ لیلی کے کہے مجنون کتین
چھوڑتے تھے تا ایس محلت کتین

ایکدن جنگل مین جاکر ہو بتنگ
پوست دنبہ کا لیا وہ کس سے منگ

بعد ازان اس جلد کو تن پر پہن
سر کو نیچے کر ہوا وہ تیر تمن

پس کہا راعی کو اے صاحب شرف
تانک دنبوئن مجھے لیلی طرف

تا مین دیکھون دور سے لیلی کو جا
لے ثواب اتنا برائے کبریا

بعد ازان یہہ سخن راعی نے سنا
جون کہا مجنون نے اسنے یون کیا

حکایت

ایک عاشق تھا دیوانہ سا جو
سو رہا تھا نیند میں اک گور پر
از قضا معشوق نکلا جاکے وہاں
نیند میں عاشق کو دیکھا ناگہاں
پس جیب میں اک [illegible] لکھا [illegible]

بہو انسو پڑتے ہیں اسکے چکسے ڈھل — بھو ہیں یہ جاتے ہیں وہ کنکر سنگل
وے کنکر ہاتھ یاد لگے جڑ ہیں — حشر تک افسوس کے انجھوں جھڑ ہیں
کیا ہی انسان وہ پتھر کا ایعز یز — علم ہے جا جہین کو کرے لے تمیز
علم بے جو یوں ہو گا سنگ سخت — ننگ ہے بے ہنر ہونگے ایک لخت
سلکہ ہی تاریک یہہ تحت سرا — علم کا جوہر ہے اسمیں رہنما
علم کا گوہر اگر تجہہ ہاتھ آئے — رہنما اپنا تو اس ظلمت میں پائے
یہہ وہ گوہر ہے کہ اسکندر جیسے — لیوکر ظلمت میں بولا ہر کسے
پس لیا کوئی اس گوہر کو کوئی نہیں — جب نکلکر آئے ظلمت سے وہیں
وہ گہر آخر ہوا یوں بے بہا — سب نے وے یکطرف افسوس کہا
جن لیا تھا وہ گہر پستا گیا — بہت سی کیونکر نہ میں لی آگیا
جن لیا نا وہ بھی پستایا بہت — دلمیں نالینے کا غم کھایا بہت
ہو وہیں اس گوہر کے پستائی سے ہنے — جو لیا اور نہیں بھی وہ دو نو جنے
تو تو اس ظلمت سے ہے اسے بے خبر — ہے سکندر کی نمن بے راہ بر
علم کا گوہر اگر پایا ہے تو — دو جہانکا راہ بر پایا ہے تو
جب تو یہاں سے جائیگا چلکر وہاں — بار ہیگا یہہ جہان نا وہ جہان
وہ جہان دو نو جہان سے ہے جدا — نہیں ہے تن جان تن جان سے جدا
دو جہان بہار وہ درگاہ ہے — وہاں تو انسان خاص کا جاگاہ ہے

در بیان وادی چہارم

در حقیقت استغنا گوید

کوئی چوکیدار عاشق کین ہوا
نیند سے ہوگئی بیگانی اسکی نین
شور سے شب کو جگاوے خلق کو
کب نقارے پر لگاوے جا کہم
پس کہا کوئی شخص اس بیخواب کون
جاگتا کبتک ہے بیگار رات ودن
بعد ازان عاشق دیا اسکو جواب
اصل مین اول سے چوکیدار تھا
جسکو ایسا دکھ یہہ وکھ جب ہوئیگا
ہووے چوکیدار کو سن خواب کب
مرد عاشق جبکہ چوکیدار ہووے
جاگتا رہ تو بھی ایعاشق یونہین
پاسبانی دلکی کرتا رہ مدام
چہپ رہے ہین چور تجھ مین چوکدھن
جب نگہبانی کریگا دلکی تون
جسکو اس رستے مین درد دل ہوا
جسکے انکھون سے ہو دیگا خواب دور

خواب وخور آرام اسکا گم ہوا
گم ہوا دل سے صبر اور اسکا چین
پھاڑ لیوے ناحق اپنی حلق کو
کب اٹھاوے شور غوغا کا الم
آشنا اکدم کبھی ہو خواب سون
کبتلک یہہ رنج سو سیگا کٹھن
کسطرح میرے ہین مین آوے خواب
اور ایک لبر کا بین عاشق ہوا
کسطرح سکھ سے کبھی وہ سوئیگا
اشک بین عاشق کے منہہ پر آب کب
خواب اسکے نین کا کب یار ہووے
خواب عاشق کو ذرہ لایق نہین
پاس دل کے ہے سو چورونکا مقام
جو ہر دل کو بہت ساکر جتن
معرفت اور علیش ہوگا آپ سون
جاگنے سے معرفت حاصل کیا
وہ سو دل بیدار لیجاوے حضور

پنچھی نامہ

صد ہزاران تن چھٹے جب روح سوں ۔ بن گئی تب ایک کشتی نوح سوں

صد ہزاران خاکیں جب سر ہوئے ۔ تا خلیل اللہ صاحب سر ہوئے

صد ہزاران جب گئے طفلوں کے سیں ۔ تا ہوئے موسیٰ کلیم اللہ انیس

صد ہزاران جب ہوئے زنار بند ۔ تا ہوئے مقصد سے عیسیٰ ارجمند

صد ہزاران جان و دل تاراج آئے ۔ تا محمد ایک شب معراج پائے

تا نکیو قدر نہ جو نا کو وتا ن ۔ کچھ تو تو قربان کر کچھ ایضاً ان

گر ہزاران دل جو دیکھا ہی کتاب ۔ تو سمجھ لے جو نکو دیکھا ایک خواب

گر ہزاران جیو سے خالی ہوئیں تن ۔ وہ سو اس دریا میں ہے شبنم مثن

بے نیاز یکا جہا نہیں نہیں حساب ۔ گر چہ ہو وے یک جہان سارا خراب

جھڑ پڑیں گر انجم و افلاک سات ۔ پیڑ سے جیو پڑا ایک جھڑ کے پانت

گر عدم ہو جاوے دنیا چار دانگ ۔ تو سمجھ چیونٹی کی ٹوٹی ایک ٹانگ

گر دو عالم ہو کے جاوے سب عدم ۔ سنگریزہ جان ریگستان سے کم

نا رہے گر جن و انسان کا اثر ۔ جانتے ہیں ما ہو کیا یک سندر

یہہ جہان گر خاکیں ملجاوے تو کیا ۔ شبنم سے جون کسی یک مو کم ہوا

جز و کل گر ہو کے جاوے سب عدم ۔ تو سمجھ لے گھانس کا ایک پانت کم

ہو کے جاوے گم اگر یہہ چرخ تند ۔ سات دریا میں پڑا گویا کہ بند

حکایت اشارۂ یوسف ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ

برقِ استغنا سے پر جب کڑکڑک ۔۔۔ جل اٹھے سو سو جہان یکدم بھڑک
تو نہ رکھ اس برق کا کچھ دل مین چاک ۔۔۔ ایک جہان جلکر گیا تو کیا ہی باک

حکایت کسے کہ او را ہاتف آواز دادہ بود

جب نجومی پاترا کرنے منگے ۔۔۔ خاک تختے پر بچھا لکھنے لگے
پس کرے وہان نقش دھرتی اور فلک ۔۔۔ چاند اور سورج ستارے یک بیک
بعد ازان اسپر لکھے بارہ برج ۔۔۔ کئی ستارونکا تنزل کئی عروج
کہین نحوست کہین سعادت کر دکھائے ۔۔۔ سونکا گھر کہین جنم کا گھر دکھائے
کچھ رہا نین جب حساب نحس و سعد ۔۔۔ پس لگے تختے کو جھٹکنے اسکے بعد
ہووے پلین وہ نقش تب بے نشان ۔۔۔ اس جہان کا نقش بھی ایسا ہی جان
نین ہا یہ استغنا کی گر تیرے پین تاب ۔۔۔ جا کنارہ بیٹھ کیا تجھ کو صواب

حکایت مگس شیرینی شہد را دیدہ بطمع در خم شان درشدہ بود

مگس نے بولا از دلگوئی اہل راز ۔۔۔ ہوگیا جب پردہ اسرار باز
ہاتف غیبی کہا تب اسکے سنگ ۔۔۔ ای فلان کیا مانگتا ہے تو سو منگ
پس کہا وہ کیا منگون جو انبیا ۔۔۔ سب جنم سو سہے ہین نت رنج و بلا
ہے جو کچھ رنج و بلا جگ مین جتا ۔۔۔ انبیا پر اسے اگلا تھا و تا
جب نبیونکو یہہ بلا ہووے نصیب ۔۔۔ پاؤنگا راحت کہان سے مین غریب
بس یہی مین عزت نہ مین خواری منگون ۔۔۔ خوب ہے جی درد سے والکو نگون

اٹھ کھڑا ہو کاٹ سودائیکی باٹ — جیو کی پروا چھوڑ دے اور دلکو آٹ

جب تلک اس جگ سے ہے جہان سے منی — گشت رہی پر شرک کی یہان سے منی

حکایت عاشق شدن خرقہ پوش بہ دختر سگبان

کوئی تھا کین شیخ مرد خرقہ پوش — دختر سگبان پہ کھویا عقل و ہوش

سو گیا یون عشق مین اسکے زبون — جو چلا دل سے ابل کر موج خون

دیکھنے کو نکلے ولیکن دھر امنگ — سو ہے شب کو کتونکے جا کے سنگ

بان کو جب دختر کے سن ہوئی یہہ خبر — پس کہی اے آ لگ تو کام کر

جا لگتے میرے جتن کر ایک سال — مذہب گبری و سگبانی سنبھال

گر تو عاشق ہے تو کر یہہ کام نقد — پس تجھے لڑکی دیونگی کر کے عقد

شیخ تھے جون عشق پر ثابت قدم — پس کہے اسکا نہین ہے مجھکو غم

دہی چلے دہر کے کتونکے لیکہ ہاتھ — خوش لگے کرنے کو خدمت دن رات

تا ملا بازار مین کوئی دوستدار — پس کہا ان کیا کیا تو اختیار

زہد مردون کے منن کر تیس سال — کیون ہوا سگبان گبر بد فعال

پس کہا عاشق نکر قصہ دراز — گر سمجھتا نہین تو اس پہ دیکہ راز

حکمت تقدیر سے چارا نہین — جو ازل ہی ہے سو سب ہووے یہان

کسکو ہے معلوم یہہ علم قدیم — عاقبت کیا ہوئیگا سو اے ندیم

گر خدا چاہے تو میرے ہاتھ سے — یہہ کتے دلوے چھڑا اس بات سے

حکایت مرد دیوانہ کسی از واحوال جہان پرسید

کسن دیوانیسے کہا یون کوئی عزیز — بول مجہہ کو یہہ جہان کیا ہی سو چیز
بس کہا وہ یہہ جہان ہی نام و ننگ — ایک درخت موم ہی سو بہانت رنگ
جب رگڑ ڈالین آسے یون لیکے ہات — ہوئیگا سب موم بلکہ ایک ذات
جونکہ یہہ سب موم ہی بہی کجہہ نہیں — جانتی ہان کس فراتکی خواہش نہیں
ہوئی جب یک سو دوئی کجہہ نا رہے — یہان تو کوئی یہہ سہجے نا وہ کہے

حکایت بو علی قلندر کہ پیرزن یکرقعہ نذر آوردہ بود

ایک بوڑھی بو علی کے پڑ گلے — رقعہ زر کر نذر بولی کہ لے
شیخ بولے کہ مجہے ہی عہد یون — جو خدا یا دے مگر کس سے نہ لون
بعد ازان بولی بوڑھی اے بو علی — نین گئی تجہسے ابہی تک احولی
مرد یہان ہرگز نہ جانے کسکو غیر — ہے اگر کعبہ و گر ہے نقش دیر
جو کوئی ان نین پر دل نا رکہے — ذات سے حق کے ہمیشہ مل رہے
وہ کبہی دیکہے نہ غیر از حق کسے — وہ نجانے غیر حق مطلق کسے
وہ سو اسکے ساتہہ اسے اسمین جم — اور جدا انینون صفتسے ہے جسم
بحر مین حدث کے جو کوئی گم نہین — شکل ہے مردم کی پر مردم نہین
عاقبت بکروز دہ خورشید غیب — نہہ دکہادیگا اپنی کا کہول جیب
جو ملا خورشید سے آپکے سو — نیک و بد سے اپنے فارغ ہی سو وہ

پنچھی نامہ

حکایت سلطان محمود و گفتگوی ایاز

نیست ہوکر ہست کا لیتا ہی شان ۔۔۔ نین بھی ہی یہہ نین مطلق پہچان

حکایت حضرت لقمان کہ دعای از جناب کبریا کردہ بود

کرد عا لقمان کہے ہین یا اکہ ۔۔۔ مین بندہ بوڑھا ہون ادر سر پا درا
پس کہین بوڑھے بندیکو شاد کام ۔۔۔ کرکے آزاد اسکو نا فرمائین کام
مین عبادت بین کیا ہون سر سفید ۔۔۔ مجھکو بھی آزادگی کی ہے امید
پس کہا ہاتف کہ سن اے بندہ خاص ۔۔۔ بندگی سے جو منگے ہووے خلاص
عقل اسکی ہووے کم تکلیف جاے ۔۔۔ چھوڑ کر دو تونکو اس درگہ مین آے
شیخ نے بولے کہ مین منگتا ہون تجھہ ۔۔۔ عقل اور تکلیف نین درکار مجھہ
پس یکایک ہوگئے دیوانہ شیخ ۔۔۔ عقل اور تکلیف سے بیگانہ شیخ
پس کہے کوئی یہہ گر کھو تو تمھین ۔۔۔ بند نین تو کیا ہوا بولو تمھین
یہان نہ بندگی اور آزادی رہے ۔۔۔ دل نے کچھ غم نہ کچھ شادی رہے
ذ صفت ہون اور نہ ہین بن لے صفت ۔۔۔ مرد عارف ہوئے ہے نین معرفت
نین سمجھتا مین ہون یا تو سر آ رہے ۔۔۔ ہوگیا سب محو مین تو نا رہے

حکایت عاشق و معشوق گوید

کہین ہوا معشوق کسکا غرق آب ۔۔۔ عاشق اسکا بھی پڑا جا کر شتاب
ڈوبنے دو تو لگے پانی مین جون ۔۔۔ تب کہا معشوق نے عاشق سے یون
مین تو یہان اگر پڑا تھا ناگہان ۔۔۔ آپ سے اگر پڑا تو کیون یہان

یہہ سخن سنکر حسن بولا شاباش | آفرین ہے اے ایاز حق شناس
کیون نہو روزی تجھے انعام شاہ | کیون نہووے تو ہمدم پیغام شاہ
یہہ سخن جو تو کہا سو ہے ثواب | بول دیگر بھی ابھی جو ہے جواب
بعد ازان بولا ایاز ہوشیار | راز پنہان کیون کرون مین آشکار
شاہ سے خلوت اگر ہوتی تجھے | بات کی لذت وگر ہوتی تجھے
تو سو جانی راز کا واقف نہین | کیا کہون تجھ سے جو تو ہمدم نہین
پس حسن کو شاہ فرمایا خطاب | حاضری نے فوجکی جاکر شتاب
جو ہوا خلوت کہا شہ اے ایاز | اس جواب خاص کا کر کشف راز
بعد ازان بولا ایاز نامور | شاہ جب کرتا ہے میرے پر نظر
روشنی سے اس نظر کی سے سخن | محو ہو جاتا ہے میرا تن بدن
شاہ کے پرتو سے میرا یہہ وجود | گم ہو جاتا ہے کر نہین کیون سجود
تو کیا جو یک نوازش ہا ہزار | وہ نوازش جان تو اسکی پیار
مین کیا ہون تا کہ بندگی کر دکھاؤن | تو ہے جون خورشید روشن مین ہون ہبا
چھاؤن جون خورشید مین گم ہو کے جائے | چھاؤنکا نام و نشان ہرگز نپائے
جب بندہ ہووے فنا تب حق رہے | باطل اٹھ جاوے تو حق مطلق رہے

حکایت وادی ششم حیرت گوید

بعد ازان حیرت کی وادی پیش آئے | مرد یہان حسرت سے اپنی سدھ گنوائے

یوسف ثانی کہا جاوے جسے — جگمین جوڑا کوئی اسکا ناوسے

جس گلی بازار مین چلجائے او — نار و نر حیرت سے جاوے دنگ ہو

ناگہان دیکھی اسے چنچل کہین — عقل و ہوش اپنا گنوائی سب وہین

جوش کھاکر گر پڑی یکبارگی — تن منے جیو نے کیا آوارگی

عشق کے آئینے گئی سب عقل نہاٹ — سد نکل گئی ہوئی صبوری سینہ پہاٹ

جب نپٹ ہوئی دلین زن وہ بیقرار — تب سہیلون سے لگی کرنے بچار

از قضا اسکی سہیلان تہین جو دس — تہین وے سب فہم سنو تو دسترس

خوش گلو گانے منے ہر یک پری — ناچنے مین طاق ہر ایک چھند بھری

گیا نہین اور گن مین ہر یک سحر کار — چاندکو آسمان سے لاوین اتار

بعد ازان وہ شاہزادی ان سنگات — راز دل ظاہر کرے اور جیو کی بات

جیو میرے پر عشق نے لایا ہی زور — ہوئی مین یک ماہ سے بکھ کی چکور

عشق نے اسکے کیا ہی مجکو زیر — رنج و حسرت نے لیا ہے مجھ کو گھیر

وہ سو میرے باپ کا ہیگا غلام — کیون کرو نہین پختہ سودا ہر خام

گر اسے پھسلاؤ نہین جو اپنے سنگ — نار ہے ہرگز میرا ناموس ننگ

صبر کرنے کی بھی نین طاقت مجھے — درد سہنے کی کہان ہمت مجھے

ناکسے مین راز دل کا کہہ سکون — نا بغیر از یار کے مین رہ سکون

کون ہے جو اسکو مجھ سے لا ملائے — اور اسے میری حقیقت کہہ سنائے

بوئے سے عنبر کے ہے تر مغز سر
لذت مے سے جگر ہے باخبر

لگ رہی ہے چاٹ سے رخ یار سے
کان ہو ستار کی آواز سے

چونکہ دیکھا کھولکر چاپ وہ غلام
اس پری پیکر نے دینا بھر کے جام

دیکھتے اسکو جوان حیران ہوا
فکر و اندیشہ مین سرگردان ہوا

خواب و بیداری کیا مین فہم کچھ
بیخودی مین باخود یکا وہم کچھ

راز کا بھی کچھ سر رشتہ نا سمجھ
دیکھکر صورت پڑا ایل مین الجھ

بعد ازان وہ نازنین خودرایست
یار کے دیدار سے ہو جاکے مست

قند سے لب کے شکر لینے لگے
بوسہ بادام پہ دینے لگے

شوق کے کب جوش سے چومی مین
ہاتھ مین لے بوسہ دیوے کب فن

چاند سے چہرے اوپر قربان جائے
کب پریشان ہو سیہ زلفون پہ جائے

ناگہانی صبح کا آیا پیام
ہو گیا آخر کو مستی سے غلام

بعد ازان وے پریکر سب نازنینان
لیگیان تھیان اسکو جان لا دہریان

آشکار جب ہوا غوغائے روز
یہہ غلام انکھیان کھولے لگ ہنوز

دل سے نے اگر سبکی اسکے وہ ناز
پہر چلے چشمون سے آنسو بیشمار

حال سے شب کے پڑا حیرت سے
خون دل کھانے لگا حسرت سے

پھاڑ کر کپڑے کیا سب تن کو چاک
ڈالکر سر پر اپنے گرد خاک

پوچھنے کو آئے لوگان حال جون
پس کہا مین کیا کہون بولون سو کیون

پس کہا مرد و نے بہتر تو ہے نار
جو ہوا پنہاں نہ کر سر آشکار

جانتی ہے تو پڑی جو کس سے دور
کس کی خاطر اسو ضع ہے نا صبور

خوش ہے اسکا حال جو سمجھا ہے سو
کس پہ تو روتی ہے زار و زار ہو

وا ہے پھر ہی پر نہیں مجھکو سمجھ
زار گریاں کس سے ہوں نت اسکہ سمجھ

یہہ نہیں مجھ کو خبر روتی ہوں کیوں
دکھ سے منے گلجا پھٹ حسرت میں ہوں

دل کیا ہے گم اسی منزل ستیں
بلکہ منزل بھی نظر آتی نہیں

نا تو اس گھر کا مجھے دروازہ پائی
نا سرشتہ عقل کا کچھ ہاتھ آئے

جائے جو کوئی وہاں تلک گم گری
چار دیواری کرا اور گم کرے

تب یک آدھا شخص وہاں جب پار پائے
ایک پل میں سب کے اسرار پائے

حکایت صوفی کہ بر راہ میرفت

کوئی صوفی راہ سے جاتا تھا
راہ سے آواز اسنے یوں سنا

کس کی کیلی گھر کی میری پائی ہے
دیو نہیں مجھ کو تو مشکل آئی ہے

جو پڑا ہوں میں اپسکے گھر سے جدا
اسکے غم سے ہی میرا دل خار خار

پس کہا صوفی کہ در بند ہے اگر
جمع رکھ خاطر نہیں کچھ گھر کو ڈر

نیں تو دروازہ پکڑ کر بیٹھ رہ
قفل کی بھی کوئی کسو نیگا گرہ

اس سمندر مین جو کوئی گم ہو کے جاے ۔ اسکو آسایش سو گم ہونے بناے

دلکو اس دریا ہ آسایش اندر ۔ ہے نہین ہو نہین گم چارہ دگر

آتے ہو گم ہو پھر آسایش کے بہار ۔ جان اسکو صنع حق کا راز دار

پختہ سالک وہ جو ہی مردانہ مرد ۔ سیر کرنے جب لگے میدان درد

ہو وین گم اول قدم وصرتی سے ۔ پس قدم دوسرے کو جاکر کیون گئے

جب قدم پہلے مینے گم ہووے تب ۔ پھر کے آوے وہ تو دستا ہی عجب

لیکہ آتا ہی کبھی گم گشت دو ۔ ہوئی جدا کیون نہ بد طلا دریا مین

جسکو اس عالم سے ہی بیکھو اثر ۔ اسکو اس عالم مین نین بکھو خبر

حکایت پروانہا را گوید

جمع آئے ایکدن سارے پتنگ ۔ شمع کے طالب ہو سب ایکرنگ

پس لگے کہنے یہانسو کوئی جاے ۔ ہے کہان شمع خبر جلدی سو لاے

بعد ازان جاکر پتنگ یک دور سے ۔ دیکھ آیا نور کو کین شمع کے

جسطرح حاصل کیا تھا معرفت ۔ شمع کی کرنے لگا سب سے صفت

بعد ازان دوسرا پتنگ وہان سے چلا ۔ جا پڑا سو شمع پر کچھ کچھ جلا

وہ سیانا اسکو بھی بولا وہ این ۔ کچھ خبر تحقیق اسکو بھی نہین

پاس تیرے ہے جو کچھ سب کے جلا ۔۔۔ سر پہ نا پگڑی رہے اور کفش پا
مت اندیشہ کر کفن کا کچھ کبھی ۔۔۔ جا اگن مین پرستی ہو کہ ابھی
خاک ہو کر جائیے تیرا رخت جب ۔۔۔ ذرہ خود بینی تیری گم ہوئے تب
جو کہ پردہ ہے تجھے تیرا وجود ۔۔۔ وہان کہان اس مال و دولت کو نمود
ہے جو کچھ نزدیک تیرے دور کر ۔۔۔ خلوت دلکو ابس کے نور کر
ہوئیگی جب دلکو تیرے بیخودی ۔۔۔ جائیگی گم ہوکی سب نیکی اور بدی

جب گئی نیکی بدی عاشق ہے تو
بس قبای عشق کے لائق ہے تو

حکایت پادشاہی کہ پسرش خوبصورت بود

بادشاہ کوئی تھا بڑا سا نامور ۔۔۔ اسکو بیٹا ایک تھا رشک قمر
پاک سیرت خوش لقا یوسف مثال ۔۔۔ مکھ پونم کا چاند اور ابرو ہلال
کوئی نہ تھا خوبی مینے کو اسکی جوڑ ۔۔۔ چاند کو تو لیکن تو اسہین تھا ہی کھوڑ
رخ نورانی غیرت ماہ تمام ۔۔۔ جگ کے خوبان سب کہین سکے غلام
کر سکے کوئی کس وضع اسکی صفت ۔۔۔ جس صفت کو وہان نہتی کچھ معرفت
رات کو آتا اگر وہ سیر بہار ۔۔۔ آفتاب تازہ ہوتا آشکار

ساتھ کے جو تھے نقیبان راہزن
غل پڑا ہر شہر یار ا مار کا
سنکے وہ درویش بھی یہہ غلغلا
ہوگیا بیہوش شہزادیکو دیکھ
گھبرا ہوگیا پچھاڑی نعرہ مار
رشھ چلے انکھیون سے ہوکر اشک خون
رنگ اڑ جاکر پڑا تھا جو ٹھٹک
کوئی رقیب اس راز سے آگاہ ہو
جو تیرے نور البصر پر یک گدا
شاہ غیرت سے ہوا بیہوش وہین
پس کہا لیجاؤ اسے سولی تلے
سنکے دوڑے یہہ نقیبان اور وزیر
لیکے آئے جب اسے سو کی کنار
تا اسے وہان کوئی شفاعت خواہ تھا
جب اسے سولی پہ وہ دینے لگے
عجز و زاری سے لگا کہنے کو یون
دیو مجھے فرصت تو یارے اسقدر

کئی غریبون کو دئے خونی کفن
شور محشر کا اٹھا ایکبار کا
دور سے دیکھا نظر اپنی چلا
خون مارا جوش شہزادیکو دیکھ
اڑ گیا دلسے وہین صبر و قرار
ہوگیا بیہوش یک پلین سو یون
رہگیا جیو آہو نٹھو مین اٹک
شاہ سے چغلی لگایا جاکے وو
عاشق جانی ہے اور جیو سے فدا
دلمنے غصہ سے لایا جوش وہین
رحم اسکے حالپر کوئی نہ لے
لے چلے جالی گدا کو کر اسیر
جیف کھا رویا جگت سب زار زار
تا کوئی اس درد سے آگاہ تھا
تب گدا نے وہان کے لوگانکو لگے
کہ تم مارتے ہو مجھکو کیون
جوکرون مین سجدہ حق کو یاد کر

پنچھی نامہ

دلبری سے جا کے اس درویش پاس
لوٹتا ہے خاک پر سولی تا بہار
اشک خون سے اسکے ہوئے خاک تر
دیکھ شہزادے نے اسکا حال جون
پس چھپانیکو لگا ہر چند انسو
جوش کھا دکے لہو سے بہہ چلے
عشق میں جو شخص یون صادق ہووے
عاقبت وہ شاہزادہ لطف سے
جب گیا درویش نے بالا نظر
پس کہا اے شاہزادہ نامدار
فوج لشکر کیا تجھے درکار تھا
بولکر یہہ بات ایک نعرہ کیا
پاک نظر سے دیکھ دلبر کا جمال
بوند تھا سو جا ملا سمندر سے
بیگانوں کان سے ایسا لگ خبر
جیو تیر الذت سے نت آلودہ ہے
چھوڑ دے غفلت کو بیش اندیش ہو

دیکھتا کیا تو پڑا ہے وہ نراس
عالم اک روتا ہے اسپر زار زار
نالے ہے کچھ تنگی سد سے نا خبر
بھر لئے انکھوں میں لینے نیر گون
مین ہوئی نینوں سے نیند ہر گز انجہو
قطرہ قطرہ لعل و گوہر تا ہو ڈھلے
کیون نہ معشوق اس پر عاشق ہووے
پاس جا بیٹھا وہ پھر درویش کے
شاہزادہ کو دیکھا وہ مین بھر
مار سکتا ہے اگر تو مجھ کو مار
مجھ کو بس اتنا تیرا دیدار تھا
جان شیرین یار شیرین کو دیا
ہو گیا ایک پل میں پانی کی مثال
ہو گیا نابود ذرہ شور سے
جبتلک دل مین ہوا زیر و زبر
خواب اور غفلت میں آسودہ ہے
خویش سے بیخویش ہو کر پیش ہو

کوئی رستہ مین تماشا دیکھہ کچھہ
عاقبت لاکھون سو کوئی یک جانور
تین پنکھی دل شکستہ ناتوان
آئے جو سیمرغ کی درگاہ لگ
دیکھہ کر سیمرغ کی درگہ بلند
برق استغنا کی کڑکی یون وہان
کئی ہزاران خلق صاحب اعتبار
کئی ہزاران چاند تارے آفتاب
کل یہہ سب ذرہ نمن حیران ہین
یہہ پنکھیرو دیکھکر وہانکا حصول
پس لگے کہنے کہ ایسی لوگ یہان
ہی جہان ذرہ برابر آفتاب
رو ہمین سمجھے اتھے سو سب غلط
اید ریغا وہ ہماری رنج راہ
ہو گئے جب یہہ پنکھیرو سب نراس
سب یکایک دلمین بیدل ہو رہے
ناگہان سیمرغ کی درگاہ سے

رنگیا سنگاتیون کے سنگ بیچ
شاہ کی درگاہ کو پہنچا مگر
بے پر و بے بال سست و بیجان
ہوش و طاقت سے جدا ہو کر الگ
ہو گئے حیرت سے ہر اک بے پابند
جو پڑے تو جائے جلکر یہہ جہان
ہین کھڑے دیوار کار کہ انتظار
منتظر ہین وہان ہہین کسکا حساب
سب ہوا مین اسکے سرگردان ہین
سب یکندر ہو گئے دلمین ملول
ہین پریشان تو ہمین جا کہ کہان
کونسا ہم سے غرض ہونکا حساب
سب ہماری محنتین ہو مو غلط
ہو گیا ناچیز سارا اور تباہ
ٹوٹکر انپر پڑا گویا اکاس
جونکہ مرغ نیم بسمل ہو رہے
یکبیک آیا چلاق و جاہ سے

حکایت حضرت یوسف علیہ السلام

پس لگے کہنے کو گر ہمنا کو شاہ
وہ نہین خواری مگر ہمکو شرف
کیا کہی ہی خوب یہہ بچھون نے بات
آفرین کسکی مجھے ورد کا زنین
اسکی گالی آفرین سے خلق کے
یونہی ہم سب بچھونکی ہے تمیز
اگ سی ورتا ہی کب دلمین پتنگ
گرچہ استغنا ہی شہ کا بیشمار
جب کہا بچھون نے یہہ باصدق و نیاز
فضل ربانی ہوا فریاد رس
صدر و قربت کے اوپر سبکو بلائے
بعد ازان رقعہ وہی لا سب کے ہاتھ
جونکہ ان بچھیون نے وہ رقعہ اٹھائے
سہان جو کچھ فعلان کئے تھے سو تمام
سخت سب افعال سے تھا فعل بد

اسکو شمع دکھلائیگا خوار بکی راہ
سو شرف اسکے ہین ہمکو ہر طرف
گر کہین مجھہ آفرین سب کائنات
شادمان لیلی کے گالی سے ہونین
مجھہ کو شیرین تر ہو میوے لگے
اسکی خواری سب سے ہمکو ہی عزیز
جب ہی اسکی محبت شمع سنگ
ہین ہمین تو لطف کے امیدوار
ہو گیا اپر شب تاریک روز
جو ترس تھا سو ہوا سب سے سرس
تخت عزت پہ مکان سارون نے پائے
پس کہے اسکو پڑھو تم غور ساتھ
شرم سے ہرگز نہ اپنا سر اچائے
باپ بیگ رقعہ منے تھا والسلام
جو چلے ہی نفسکی خواہش سے او

یوسف اپنے کو کونہین ڈال کر
بیچکر کھائے خدا سے کچھ نہ ڈر

پچھاہی یوسف اپنے کو جو یون | ہوویگا آخر کو تیرا حال کیون
ہوویگا جسدن وہ یوسف بادشاہ | کیا کریگا عذر تو اے روسیاہ
ایکدن تو بھی گدا اونکے ہمن | جائیگا بھوکھا ننگا یوسف کے وہن
ہوئیگا آخر پشیمانی سے جفت | پس نہ تو یوسف کو اپنے بیچ مفت

حکایت خجل شدن ہمہ مرغان

ہوگئے پنچھی خجل خط دیکھ کر | اشک حسرت سے لئے نینونکو بھر
آگ سو غم کے ہوئے جلبل کے خاک | دلمین دکھ سینے مین آہ دردناک
ہوگئے اسد بات ناامید جب | بحر کو بخشش کے آیا جوش تب
ہوگئے سارے گنہ یک موج سے | سرفرازیکا لگا سر اوج سے
آفتاب قرب نے کیتا ظہور | محویت مین ہوگئے سب غرق نور
عکس سے سیمرغ کے سب ایکبار | چہرۂ سیمرغ دیکھے آشکار
جب آپس پر تھی گئے پنکھی نظر | صورت سیمرغ دیکھے یکدگر
ہوگئے حیران پنکھی دلمین یو | کیا ہمین سیمرغ ہین کیا ہینگے وو

یکدگر آپس مین حیران ہو رہے
بھاسے سیمرغ بولے وہ انسے

حکایت عاشق شدن پسر وزیر

جو فنا مین گم رہے بیکلی خموش
بیخودی مین جا کے باخود آئے پھیر
اس فنا اور اس بقا کا کچھ بیان
جو کہ اسرار بقا بعد از فنا
مغز کو اسباب کے او پاسکے
ہی جیا تک تو در وجود و در عدم
اس فنا اور اس بقا سے در گذر
دیکھ اول کیا تھا تو اور کیا ہی اب
اصل مین تھا تو سو نطفہ خوار و زار
پس تجھے اسرار سے واقف کیے
بعد از ان دنیا سے کر ڈالے فنا
اس فنا کے بعد گر بخشے بقا
گر نہین کسبا ہے تو راز دار
جب تلک پیدا نہین ہوا بد از فنا
جاتلک دیکھا نہین تو درد و رنج

پس کہین مدت کے پھر کر پائے ہوش
سر فنا مین دے بقا کو پائے پھیر
جو پوچھے تو نہین دیا تھا کچھ نشان
نہین سمجھتا ہے ہر ایک نا آشنا
جو دنیا سے ہاتھ دھو کر آسکے
کب سکیگا رکھ تو اس رہ مین قدم
تا تجھے ہووے بقا کی کچھ خبر
اب نہین سمجھا تو سمجھیگا تو کب
بعد از ان عاقل ہوا و ہوشیار
معرفت کی اسپہ آگاہی دئے
اس فنا مین راز پنہان ہے گھنا
ہر صبح اٹھ دیکھنا تیرا بقا
فکر کر ہشیار ہوا ور کچھ بچار
پائیگا تو کسو ضع عز و بقا
کان ملیگا تجھ کو کیونکر سن یہ گنج

نیست ہو جا تا تجھے ہستی ملے
جبتلک تو ہی تو ہستی کیون ٹلے

پنچھی نامہ

خلوت و جلوت میں اسکے بغیر
صلح کا غم سے کیا راحت سے سیر

راتدن اسکو رکھے اپنے حضور
تاکرے یک پل جدا نظروں سے دور

دلکو سووے تو اڑاوے مگس و مور
راتکو قربان ہووے جوں چکور

صبح سے تا شام دیکھے بادشاہ
دلکو الفت میں کیا اسکی تباہ

حسن کی اسکے کبھی دیکھے بہار
کب کرے رو رو گہر اسپر نثار

کب پیئے کے دیکھ اسکے مست نین
کب گنوائے دل سے اپنے خواب چین

ایکدم نہیں رہ سکے شہ اسکے باج
تا ہوا وہ بھی بیچارہ لا علاج

شاہ کے ڈر سے کہیں نہیں جا سکے
تا کبھی ما باپ کے پاس آ سکے

باپ ما فرزند کو ترسیں مدام
کیا کریں وہ تھا ولیکن سخت کام

یونہی گذرا جو کتنے دن روزگار
تا کہ اس نوخیز کا آیا بہار

ز قضا سی چار سو شہ کے مگر
کوئی اٹھی خورشید سی ناری سندر

کہیں سو دیکھا اسکو فرزند وزیر
ہوگیا یکبارگی اسکا اسیر

وہ سندری بھی اسپہ ہوگئی مبتلا
ایکدن ناگاہ اس اندر بلا

اتفاقاً ایکشب شہ بھی پر مست
سو رہا تھا اس میں ہو جا کے مست

جاگ اٹھا وہ یار کو نا دیکھ کر
ڈھونڈھتا نا خوش ہو نکلا ہر کدھر

جا کے نکلا شاہ تو دیسے منے
تھے بیٹھے جس ٹھار پر دونو جنے

دیکھتا کیا ہے کہ دونوں دلبران
شاد بیٹھے ہیں خوشی کا مر ا ن

پس بندیخانہ منے جا کر وزیر
کھال اسکی کاڑھ کر سولی دیا
شاہ دوسرے دن ہوا ہشیار جب
سب نے بولا حکم جیون تھا یون کئے
بادشہ سنکر خوشی دلمین کیا
پس کہا شہ نے کہ ہنسے دو اسے
جب سنے یہہ شہر کے لوگان خبر
غرق خون مین دیکھکر اس گوشت کو
چند روز اس شہر مین ماتم ہوا
شاہ بھی آخر کو بعد از چند روز
یاد کر باتون کو اس دلدار کی
دمبدم غصہ و غم کھانے لگا
جوش مارا عشق غصہ کم ہوا
بادشہ یہہ عشق اور یہہ یار وو
وہ محبت اور وہ بزم شراب
پس ہوا دلمین پشیمان بادشاہ
دلسے سب جاتا رہا صبر و قرار

ایک دن جب قتل کے لایا اسیر
بعد از ان بیٹے کے تین پنہان کیا
مارنے مارو نکو پوچھا حال تب
پوست اسکا کھینچکر سولی دئے
ہر یکیس کو نقد و زر خلعت دیا
تا جہان مین ہووے عبرت ہر کسے
دیکھنے آنے لگے وے سربسر
حیف کھا رونے لگے افسوس سون
درد سے اسکے گھر گھر غم ہوا
دل منے بکڑا پشیمان ہوکے سوز
دلبر شیرین شکر گفتار کی
دل سے آہین آتشین لانے لگا
عیش جا کر درد و غم ہمدم ہوا
وہ محبت اور خوشی دلدار وو
جاکی سب تو کیون ہووے شہ کباب
خار ہو سلنے لگا سینے مین آہ
گلشن زیبا لگا سینے کو خار

پنچھی نامہ

پنچھی نامہ

جو نہین تیری آشنائی سے ہو نہین
یون سو تیری بیوفائی سے ہو نہین

کیا کیا تھا مین نے جو تو یون کیا
کھال میری کر جدا سولی دیا

یار سے یون یار کرتے ہین کہین
جو کیا تو نے کرے کافر نہین

مین نچھوڑونگا قیامت مین تجھے
داد نا دیوے خدا جبتک مجھے

ہو دیگا دیوان محشر کا جبھی
مین اِس کا داد سن لونگا تبھی

جب سنا دلبر سے شہ نے یہہ جواب
تاب لے گئی نکل انکھیون سے خواب

جیو مین اسکے سوز و غم زیادہ ہوا
درد و دکھ حد سے زیادہ تب ہوا

ہو گیا دیوانہ سدھ بدھ کو کھوے کر
زندگی سے ہاتھ اپنے دھو کر

پس کہا مجھ واسطے دکھیارے دکھی
ہو گیا ہے تو سو مر جا کس لگی

ظلم سے میرے دیکھا ہے تو بھی دکھ
کیا دکھاونگا صباح مین جگ کو مکھ

نہین کیا مین نے ظلم تیرے اوپر
ہے وہ میرا ظلم سب میرے اوپر

کون ایسا کوئی کرے جو مین کیا
پایہ اپنے مار کر تیشہ لیا

یہہ نہ اپنے پر کیا ہون خوب مین
مار کر ڈالا ہون جو محبوب مین

کر تو ای دلبر میرے پر اب نظر
جو کیا ہو مین سو تو ہرگز نہ کر

گر کیا ہو مین جو تیرے بدی
تو بدی مجھ سے نہ کر ہرگز کدی

مین تو یون غمناک ہون اچاک چاک
خاک پا تیری کو مجھ سر مین ہے جاک

اب تجھے مین کس طرح دھونڈہون کہان
رحم کر میرے اپر تو جان جان

نہین کسے وہانکی خبر اسے راز جو | کیا کہے اور کیا سنے اسمین او

کوئی وہان کا واقف اسرار نہین | رازدان اسرار کا اغیار نہین

کسکو طاقت جو کرے کوئی ہانکی بات | جو کرے وہ سر گنواوے جان ہات

وہان سو عارف آپسے گنگا ہو آئے | بات ہو پہر اسپنے اندھا ہو جاوے

دیا نسو خاموشی بغیر از بات نہین | بات کہنے کی رضا کسد ہات نہین

ہوگئی با چا پنکھی اب یہان تمام | کیا کہو نہین اس سے آگے والسلام

خاتمة الکتاب

شکر کرو حیدری کہ بروجہ صواب | ختم ہوئی توفیق حق سے یہہ کتاب

اصل مین تہا یہہ کلام فارسی | اہل معنی کو مثال آرسی

خوشتر تصنیف شیخ نامدار | پیشواز عارفان روزگار

شیخ صاحبدل فرید نامور | خاص جنکا ہے لقب عطار کر

وہ نکالے ہین جو یہہ عطر سخن | عطر پرورہ کئے ہین تو لگن

ہر سخن یک نافہ اسرار ہے | منتر جانکو طبلہ عطار ہے

عارفون کے پاس وہ استاد ہے | طالبونکے حق سے ارشاد ہے

فکر سے جو کوئی کرے اسمین نظر | مقصد دینی سے ہووے بہرہور

پنچھی نامہ

فہرست کتب مطبوعہ بمبئی موجودہ بدوکان تاجر الکتب قاضی فتح محمد و قاضی عبد الکریم

کتب التفاسیر ہندیہ

تفسیر عزیزی پارہ عم
ایضاً پارہ تبارک مجلد
تفسیر سورۂ یوسف نظم مجلد
تفسیر مرادیہ پارہ عم مجلد
تفسیر احکام الآیات مجلد چرمی
تفسیر نور سپارۂ عم مجلد نظم
تفسیر فاتحۃ الحکیم یعنی سورہ فاتحہ
تفسیر سورہ بقر ہندی مجلد

کتب الاوراد من ترجمہ اردو

درود مستغاث و چہل حدیث
شفاء العلیل ترجمہ قول الجمیل
ظفر جلیل شرح حصن الحصین
علاج الاعظم خواص اسماء الحسنی
اوراد احسانی نوافل تمام سال
فضایل الشہور والصیام
توشۂ عقبی خواص اسماء الحسنی

کتب الفقہ اردو مذہب حنفی

رسالہ تجہیز و تکفین
کنز المصلی
داد نامہ خاتون جنت
قصہ وحیہ کلبی
کیفیت ختم قرآن
شرع محمدی مجلد
فقہ احمدی تنبیہ الانسان فی الحلال والحرام حیوان
نام حق مترجم ہندی
ترتیب الصلوۃ ہندی
مصباح الصلوۃ مجلد
مجموعہ خطب مترجم ہندی
مصباح الحیات
مفتاح الجنۃ
ایضاً قسم دویم
مالا بد ہندی
مسائل اربعین مجلد
صلوۃ الرحمان ترجمہ منیۃ المصلی مجلد
ترکیب الصلوۃ
حضرات خمسہ یعنی پنج مسائل
حجۃ الاسلام مذہب فقرا
کشف الخلاصہ
مناسک حج
تشریح الحج
زاد السبیل الی دار الخلیل
تحفۃ الطرفین و ہدیہ فریقین
کرسی نامۂ آنحضرت منظوم
مجموعہ ضرور السلمین معہ ۹ رسالہ
مجموعہ شش رسالہ معہ رسالہ صدقہ فطر و شب قدر وغیرہ
صراط الاسلام معہ صراط النجات
روح الایمان والاسلام
خیرۃ الفقہ
علم الفرائض
تاریخ خیر پاران
رسالہ گوشہ و نکاح ثانی
تحفۂ احمدی در صیغہ نکاح
سراج الحیات جلد دویم مصباح الحیات معہ ۲۳ رسالہ یعنی اسناد و قصیدہ
بردہ و رسالہ حق الدین رسالہ تہذیب النساء
ضرور المسلمین
سکرات نامہ
حیات القلوب یعنی مناسک الحج فارسی
مجموعہ حافظ الخطب ہندی معہ نظم و نثر
نظام الاسلام
کنز الرحمۃ یعنی نقشہ نقشہ جات مدینہ منورہ و مکہ معظمہ وغیرہ
تنبیہ المضلین
مردہ احوال
راہ نجات

کتب الفقہ اردو شافعی رحمہ اللہ

ترتیب وضو نماز ہندی
تحفۃ الاخوان فقہ ہندی
کفایت الاسلام فارسی
کفایت الاسلام اردو
فقہ شافعی
ضوابط شافعی

کتب عربی مذہب شافعی رحمہ اللہ

فتح القریب
متن الزبد
ابی شجاع

کتب مولود وقصائد اردو

حافظ الایمان در نعت رسول ؐ آخر الزمان
رحمۃ اللعالمین مولود شریف
خمسہ قدسی در نعت ؐ
دیوان لطف در نعت ؐ
مجموعہ مدحیات و مناقبات
قصائد نعتیہ وعشق مصطفے ؐ
اعجاز غوثیہ در کرامات پیر دستگیر رض
تذکیر العارفین در احوال سید الکاملین
محفل شریعین جناب غوث الاعظم رض
زین المجالس یعنی گیارہ مجالس در
مناقب غوث الاعظم رض
سخاوت نامہ سیدنا علی وخاتون جنت
گلزار احمدی در نعت وقصائد نعتیہ

در مرثیہ والوداع ماہ رمضان وغیرہ
سودای آخرت معہ توشہ عاقبت وقصائد
نعتیہ ومخمس الوداع رمضان وغیرہ
دیوان اشرف الاشعار در نعت
باقیات الصالحات فی مولود اشرف المخلوقات
مصباح المجالس در معجزات آنحضرت
ہشت بہشت یعنی ۱۲ مجالس ومعہ ۹
رسالہ ہرن وبیک من ہرن آرام
دل وراحت جان وغیرہ
مجموعہ مولود دایہ حلیمہ رض
مجموعہ بیست ویک رسالہ معجزہ شق القمر
مجموعہ برلی دائی حلیمہ وغیرہ
نسیم جنت معہ ضیا باغ فردوس
گلشن فردوس یعنی مجموعہ چہار مولود
معہ بہار جنت وبوستان مسیح
گلستان معجزات در روضہ رسالت وغیرہ
مولود غلام امام شہید
دیوان محسنی در نعت
توصیف النبی صلی اللہ علیہ وسلم
کشتی نامہ رسول اکرم وابوجہل
مولود طاہریہ
مجموعہ نور نامہ ووفات نامہ وغیرہ
جامع المعجزات مسمی بہ کلام المبین
شادی نامہ حضرت خدیجۃ الکبری رض

شادی نامہ خاتون جنت رض
اعجاز احمدی منظوم یعنی دوازدہ مجالس
بیان آنحضرت ؐ از روز ولادت تا وفات
مجموعہ مسمی رسالہ کرشمہ سوداگر عجم مولی
نامہ حلیہ شریف معجزہ خواب وغیرہ
دیوان خابل در نعت
مجموعہ نجم الضیا در نعت
مظاہر الاعجاز واحوال فرزندان جابر رض
اسرار احمدی در ہجرت ووفات
جنگ وغیرہ
گلشن قدس یعنی قصائد نعتیہ
روضۃ القادری
گلدستہ تحیات سراپا رسول اکرم ؐ
گلزار قادری وقصیدہ در مناقب
غوث الاعظم وچند آئین
آداب خلفای راشدین
حافظ الاسلام در مولود ومعجزات
بنظم ونثر
گلشن حافظ قصائد
گلستان نعت وبوستان نعت
معہ قصائد ومعجزات
مجموعہ مناقب
روضہ روحانی